© rasailojaraid.com



(۱۷) مولانا سید حبیب اللہ شاہ حقانی

# فضلائے حقانیہ کی تالیفی اور تصنیفی خدمات

مولانا سید حبیب اللہ شاہ حقانی‘ فضلاء حقانیہ کے علمی‘ ادبی‘ تحریری‘ تصنیفی اور تالیفی خدمات پر کام کر رہے ہیں۔ علم و ادب‘ تحریر‘ تصنیف اور تالیف سے شغف رکھنے والے تمام فضلاء حقانیہ سے درخواست ہے کہ اپنا مختصر تعارف‘ خدمات اور تصنیفات و تالیفات کا تعارف مولانا موصوف کے نام بھیجیں تا کہ وہ اس عظیم تاریخی کام کو بہ سہولت آگے بڑھا سکیں۔

رابطہ ایڈریس: مولانا سید حبیب اللہ شاہ حقانی‘ رُکن القاسم اکیڈمی‘ جامعہ ابوہریرہ خالق آباد نوشہرہ ----- (ادارہ)

## مولانا روح اللہ خلافت یار حقانی

مولانا روح اللہ خلافت یار حقانی افغانستان کے ولایت کابل ولسوالی پغمان قریہ خالداری میں مولانا عتیق اللہ کے ہاں پیدا ہوئے‘ ابتدائی ثانوی تعلیم خواجہ مسافر لیسہ پغمان میں بارہویں جماعت تک حاصل کی۔

### دینی تعلیم:

دینی تعلیم درجہ ثانیہ تک کتب اپنے والد مولانا عتیق اللہ پغمانی سے پڑھیں‘ دیگر علوم وفنون جلوزئی کیمپ پشاور اور دیگر مدارس میں پڑھیں‘ موقوف علیہ جامعہ فاروقیہ جلوزئی کیمپ پشاور سے کیا اور دورہ حدیث کیلئے پاکستان کے عظیم الشان اسلامی یونیورسٹی جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک تشریف لائے اور یہاں کے اکابر و مشائخ کے سامنے زانوائے تلمذ تہہ کئے اور 2006ء میں دستارِ فضیلت اپنے سر پر سجا کر میدانِ عمل میں قدم رکھا اور اپنے اساتذہ و مادر علمی کا نام روشن کرتے ہوئے‘ علم‘ دین اور ملت کی خدمت میں لگے ہوئے ہیں۔

فراغت ودستار فضیلت کے بعد معہد الفقہ والافتاء القضاء اکوڑہ خٹک میں تخصص فی الفقہ میں داخلہ لیا اور مفتی اعظم مولانا مفتی سیف اللہ حقانی مروت مدظلہ کی سرپرستی میں مطالعہ شرح المجلہ میں مصروف ہیں۔ مولانا روح اللہ خلافت یار حقانی متحرک اور فعال شخصیت ہیں‘ انہوں نے خود ایک خالص فکری تحریک کی بنیاد بھی رکھی ہے جو تحریک خلافت اسلامی افغانستان کے نام سے مشہور ہے جس کے مقاصد واہداف میں اپنی اصلاح‘ اپنے گھر کی اصلاح جماعت کی اصلاح‘ عوام کی اصلاح‘ حکومت‘ وطن کی آزادی‘ اسلامی دعوت پھیلانا‘ اسلامی خلافت کا احیاء قرآن‘ سنت‘ اجماع اور قیاس کو قانونی شکل دینا‘ تحریک خلافت اسلامی ایک حنفی المذہب‘ دیوبندی المسلک تحریک ہے‘ تحریک چاہتی ہے کہ امام اعظم ابوحنیفہؒ کے مذہب کو ملک میں قانوناً نافذ کرے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مولانا روح اللہ خلافت یار حقانی تحریک خلافت اسلامی کے بانی کی حیثیت سے دو مجلّے بھی شائع کرواتے ہیں جو ہر ماہ باقاعدگی سے چھپتے ہیں اورتحریک کی نمائندگی کرتے ہیں' اورتحریک کے شب و روز کیلئے اخبار میں چھاپتے ہیں۔

**وااسلاماہ! :**

پشتو زبان میں شائع ہونے والاتحریک خلافت اسلامی کا نمائندہ اور ترجمان مجلّہ ہے' جس میں فکری' علمی اور تحقیقی مضامین شائع ہوتے ہیں' مولانا روح اللہ حقانی چیف ایڈیٹر کی خدمات انجام دے رہے ہیں' بلکہ سارے مضامین مولانا خلافت یار حقانی ہی کے ہوتے ہیں۔

**بیداری امت:**

تحریک خلافت اسلامی کا ترجمان مجلّہ ''بیداری امت'' ہر ماہ باقاعدگی سے فارسی میں شائع ہوتا ہے' اس کے مدیر بھی مولانا روح اللہ حقانی ہیں۔ان دومجلوں کے علاوہ مولانا روح اللہ حقانی نے کئی علمی اور تحقیقی کتابیں بھی لکھی ہیں' تراجم بھی کئے ہیں' ذیل میں مولانا کی تصنیفات' تالیفات اور تراجم کامختصر تعارف کیا جاتا ہے۔

**دتحریک خلافت اسلامی افغانستان تگ لار:**

یہ کتاب پشتو زبان میں ہے اوراس میں مولانا نےتحریک خلافت اسلامی افغانستان کے دستور کو بیان کیا ہے۔

**دتحریک خلافت اسلامی افغانستان اساس نامہ:**

اس کتاب میں مولانا روح اللہ حقانی نے تحریک اسلامی افغانستان کے اساس و بنیاد کے متعلق چند اہم معلومات پشتو زبان میں لکھی ہیں۔

**جزاء الاعمال (فارسی ترجمہ):**

''جزاء الاعمال'' حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ کا رسالہ ہے۔مولانا روح اللہ خلافت یار حقانی نے فارسی میں ترجمہ کرکے اسکی افادیت میں اضافہ کیا ہے' کتاب میں اعمال کے جزاوسزا پر زبردست بحث موجود ہے۔

**دعوت بسوئے جہاد (فارسی ترجمہ):**

حضرت مولانا فضل محمد صاحب مدظلہ استادالحدیث جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کی کتاب جہاد کے موضوع پر ایک البیلی کتاب ہے' مولانا روح اللہ حقانی نے اس کتاب کوفارسی میں ترجمہ کرکے دوضخیم جلدوں میں شائع کی ہے' مولانا ابھی نوجوان ہیں' فعال اور متحرک ہیں' امید ہے کہ آئندہ بھی اسی طرح کے علمی' تحقیقی اورفکری خدمات انجام دے کراساتذہ اور دارالعلوم حقانیہ کا نام روشن کرتے رہیں گے۔

© rasailojaraid.com